© rasailojaraid.com

# مدیر کے نام

**عبدالمتین منیری ' دبئی**

ڈاکٹر ممتاز احمد کا مضمون: "اسلامی تحریکیں اور حزب اختلاف کا کردار" (جون ۹۷) بہت ہی پیارا تھا۔ اسلامی تحریکوں کے انداز فکر اور طریق کار پر باریک بینی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ گذشتہ عشرے میں ایک نئے عنصر کا اضافہ ہوا ہے۔ یہ وہابی تحریک کے ابتدائی قائدین سلیمان بن عبدالوہاب' حسن بن محمد عبدالوہاب وغیرہ سے بہت متاثر ہے۔ شیخ عبداللہ بن ابراہیم کے فتاویٰ اور علماے نجد کے رسائل الدرالسنیہ انھیں بنیادی غذا فراہم کرتے ہیں۔ بنیادی طور پر سلفی تحریک ہے' لیکن شاہ پرست نہیں۔ الجزائر کی ایف آئی ایس اور کویت کے سلفی اس سے متاثر ہیں۔ صومالیہ میں اس کی جڑیں مضبوط ہو گئی ہیں۔ ابھی اردو داں طبقہ ان سے زیادہ واقف نہیں ہے۔ ڈاکٹر ممتاز نے الجزائر میں محفوظ نحناح کی جماعت کا تذکرہ نہیں کیا۔ الجزائر میں ایف آئی ایس کا غلبہ ہے لیکن نحناح کی جماعت معتدل سمجھی جاتی ہے۔ اخوان المسلمین اس جماعت کو اپنا ترجمان سمجھتی ہے۔ اس کا حکمرانوں سے سمجھوتہ ہوا ہے اور اس نے انتخابات میں حصہ لیا ہے۔ اس کا ذکر آنا ضروری تھا۔

**افتخار عارف' صدر نشین مقتدرہ قومی زبان' اسلام آباد**

ماہنامہ ترجمان القرآن سے حسب توفیق استفادہ کرتا رہتا ہوں۔ خداوند کریم توفیقات ارزانی کرے۔ مولانا گوہر رحمٰن کا خط (جولائی ۹۷) بلامتن ترجمہ قرآن کی اشاعت کے سلسلے میں دیکھ رہا تھا کہ مجھے ایک واقعہ یاد آیا۔ یہ ۱۹۷۰ء کی دہائی کے اوائل کا زمانہ تھا۔ ای ایم آئی ریکارڈنگ کمپنی کے منتظم اعلیٰ' پطرس بخاری مرحوم کے فرزند ارجمند جناب منصور بخاری صاحب نے مجھ سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں اپنی آواز میں حضرت سید ابوالاعلیٰ مودودی کا اردو ترجمہ ریکارڈ کرا دوں اور یہ کیسٹس کی شکل میں عوام کے استفادے کے لیے فراہم کیا جا سکے تو یہ ایک بڑی خدمت ہو گی۔ میں نے ان سے اتفاق کیا اور شکریہ ادا کیا کہ اس سعادت کے لیے انھوں نے مجھے منتخب فرمایا۔ اب اس کو خود غرضی کہیے کہ میرے ذہن میں بعض اچھی آوازیں اور بھی آئیں جو مجھ سے بہتر یہ کام سرانجام دے سکتی تھیں مگر میں نے ایک نوع کی خود غرضی کا مظاہرہ کیا اور ان کی تجویز پر فوری رضامندی کا اظہار کر دیا۔ میں نے اپنے سوکرم فرماؤں' استاذ مکرم سید سلیم احمد مرحوم اور مشفق و مکرم' صلاح الدین شہید کے توسط سے اپنی یہ درخواست حضرت مولانا تک پہنچائی۔ انھوں نے اس سے اتفاق کیا کہ انھیں قرآن مجید کے کیسٹوں پر منتقل کرنے سے کوئی اختلاف نہیں ہے مگر صرف ترجمہ مناسب نہیں ہے' متن کو ضرور شامل کیا جانا چاہیے۔ ای ایم آئی

© rasailojaraid.com